Celebrating



# 75th YEAR OF **POWERING PROGRESS IN PAKISTAN**

GENERATING **SHAREHOLDER VALUE**

ACHIEVING **NET-ZERO EMISSIONS**

POWERING **LIVES**

RESPECTING **NATURE**

ششماہی رپورٹ - جون 2022ء

# کمپنی کی معلومات

| | |
|---|---|
| بورڈ آف ڈائریکٹر | زین کے حق (چیئرپرسن)<br>وقار آئی صدیقی<br>رفیع ایچ بشیر<br>پرویز غیاث<br>عمران آر ابراہیم<br>مدیحہ خالد<br>ظفر اے خان<br>جان کنگ چونگ لُو<br>ضرار محمود<br>عامر آر پراچہ<br>بدرالدین ایف ویلانی |
| چیف ایگزیکٹو | وقار آئی صدیقی |
| آڈٹ کمیٹی | عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)<br>رفیع ایچ بشیر<br>بدرالدین ایف ویلانی |
| کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے | ظفر اے خان (چیئرپرسن)<br>پرویز غیاث<br>زین کے حق<br>وقار آئی صدیقی |
| کمپنی کے سیکرٹری | لالہ رخ حسین - شیخ |
| رجسٹرڈ دفتر | شیل ہاؤس،<br>6 چوہدری خلیق الزمان روڈ،<br>کراچی 75530<br>پاکستان |
| آڈیٹرز | ای وائے فورڈ رہوڈز |
| لیگل ایڈوائزرز | ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز |
| رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر | فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ<br>8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،<br>بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس<br>شاہراہِ فیصل<br>کراچی-75400 |

# ڈائریکٹر کی جائزہ رپورٹ

**30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے**

## عزیز شیئر ہولڈرز

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی اور سہ ماہی کے لیے غیر آڈٹ شدہ جامع عبوری مالی گوشوارے پیش کرتے ہوئے مسرور ہیں۔

دورانِ سہ ماہی شیل پاکستان لمیٹڈ کی توجہ اپنی اسٹریٹجک ترجیحات اور آپریشنل فضیلت پر مرکوز رہی اور ملک میں موجود کلی معاشی دشواریوں کے باوجود، ہم 2022ء کی ششماہی میں 7508 ملین روپے کا نفع بعد از ٹیکس حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

اس حوصلہ افزا تبدیلی کی بنیادی وجہ بہتر کاروباری کارکردگی ہے، مثلاً زیادہ مختلف مصنوعات کی فروخت، حکومتوں کی جانب سے قیمت بندی کے فارمولے میں مثبت تبدیلی اور دورانِ مدت فیولز کے مؤثر آپریشنز کا چلایا جانا۔

ہماری کمپنی کاروبار کے محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے صنعت میں ممتاز مقام برقرار رکھتی ہے اور ہم سیفٹی کی ترویج کے لحاظ سے صنعت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

آپ کی کمپنی کے انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے نفع درج ذیل تھا:

| | روپے ملین میں |
|---|---|
| **نفع / نقصان قبل از ٹیکس** | 12,459 |
| ٹیکس | (4,951) |
| **31 دسمبر 2021ء کو ختم ہونے والے سال کا خالص نفع / نقصان** | 7,508 |
| | روپے |
| **نفع / نقصان فی شیئر۔بنیادی اور سیال (diluted)** | 35.08 |

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان جامع عبوری مالی گوشواروں کے صفحہ 8 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

## واجبات، مالی لاگتیں اور ٹیکس کا نظام

ہماری کمپنی کی مالیات حکومتِ پاکستان کی جانب سے عائد کردہ 21706 ملین روپے کے نئے پی ڈی سی (قیمتوں کے تفرق کے دعوے) کی وجہ سے متاثر رہی تھی جو سال کے دوران موصول ہو چکا ہے ہم ان پی ڈی سی دعووں کے بروقت تصفیے پر حکومت کے شکر گزار ہیں جس سے ہماری کمپنی کے جاری سرمائے اور نقد رقوم پر ہونے والے اثرات میں کمی آئی۔ تاہم کمپنی اب بھی 5331 ملین روپے کے زائد المیعاد واجبات کی وجہ سے متاثر ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حکومت جلد ان واجبات کی ادائیگی بھی کر دے گی۔

## لبریکینٹس

لبریکینٹ کا کاروبار ہماری کمپنی کے مجموعی کاروبار میں کلیدی شراکت دار رہا ہے۔ کرنسی کی قدر میں کمی اور اشیا کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہونے والے دباؤ کے باوجود پہلی ششماہی میں کی گئی کوششیں کاروباری قدر پیدا کرنے میں فیصلہ کن ثابت ہوئی ہیں۔ اہم صارفین اور رسائی کے اقدامات کی معاونت کے نتیجے میں لبریکنٹس کا کاروبار مسافر کاروں کے لیے موٹر آئل پورٹ فولیو اور ڈیزل انجن آئل کے زمرے میں B2C (کاروبار تا صارف) چینل میں مارکیٹ کا حصہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی طرح، اس نمو کی حکمت عملی کو B2B (کاروبار تا کاروبار) چینل میں اپنایا گیا ہے تا کہ مارکیٹ کی پائیدار قیادت کو یقینی بنایا جا سکے۔

## ریٹیل (موبیلٹی)

ہمارے موبیلٹی کاروبار نے کئی دشواریوں کے باوجود فیولز کے بھرپور مارجن اور مستحکم مارکیٹ حصص کے باعث ششماہی کے لیے مضبوط مالی کارکردگی پیش کی۔ ہم نے 13 نئی سائٹوں کا افتتاح کیا ہے جو ہمارے فیولز کی بڑی مقدار کی ترسیل اور ہمارے نان فیول ریٹیل کاروبار بالخصوص لبریکینٹس کو بڑھانے میں مدد کریں گی۔ پریمیم فیولز کے زمرے میں شیل وی پاور مارکیٹ میں نمایاں مقام کے حامل رہے ہیں۔ حکومتی سے مذاکرات کے حوالے سے بھی حوصلہ افزا پیش رفت ہوئی ہے جو اب پنجاب میں ہمارے نیٹ ورک کو بڑھانے میں مددگار ہوگی اور پاکستان میں بہترین صارفی قدر فراہم کرے گی۔

## سماجی سرمایہ کاری

ہماری کمپنی شیل تعمیر کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارتوں کی تربیت سے پسماندہ کمیونٹیز میں خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ بہاولپور کے قریب ووکیشنل بزنس سنٹر برائے خواتین میں تربیت حاصل کرنے والوں کے پہلے بیچ کو براہِ راست تربیت فراہم کی گئی اور ملبوسات کی مقامی صنعت کو مارکیٹ تک رسائی فراہم کی گئی۔ گروپ کو گارمنٹس کے بڑے یونٹس سے 580 گارمنٹ آرٹیکل تیار کرنے کے دو آرڈرز کامیابی سے موصول ہوئے جس سے 11 خواتین کے لیے آمدنی کا سلسلہ شروع ہوا۔

شیل تعمیر نے پاکستان میں نوجوانوں کی انٹرپرینیورشپ کو فروغ دینے کے لیے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس منیجمنٹ (IOBM) شاہجہان ایس کریم انکیوبیشن سینٹر کے ساتھ ایک معاہدہ کیا۔ اس شراکت داری کے ذریعے دونوں ادارے تربیت، رہنمائی اور بزنس انکیوبیشن سروسز کے ذریعے کاروباری مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کریں گے تاکہ نوجوان پاکستانی اسٹارٹ اپس کے لیے مواقع پیدا ہوں۔

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر، شیل تعمیر نے IOBM میں کاروباری خواتین کے لیے تعمیر کے تربیتی سرکل کے آغاز کی میزبانی کی، جس میں "پائیدار مستقبل کے لیے صنفی مساوات" پر ایک پینل ڈسکشن ہوئی۔ خواتین کی زیر قیادت 13 کاروباری اداروں کو پائیداری کے شعبے میں صنعت کے چار ماہرین کی جانب سے رہنمائی فراہم کی گئی۔

ہماری کمپنی نے ایک اشاعتی ادارے مارکنگز کے اشتراک سے روڈ سیفٹی پر ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا عنوان "Once upon a Road" ہے۔ اس کتاب کا مقصد مستقبل کے ذمہ دار شہری بننے کی ضرورت کو اجاگر کیا جائے اور پاکستان میں سڑکوں کو محفوظ رکھنے کے لیے صحیح طرز عمل اختیار کیا جائے۔ یہ کتاب پورے پاکستان میں کیئر فاؤنڈیشن اسکول کے چھٹی جماعت کے نصاب کا حصہ ہوگی۔ مصنفہ، محترمہ طاہرہ حسن، بانی امکان فاؤنڈیشن کے کی مدد سے ایک ٹیچرز گائیڈ تیار کی گئی ہے تاکہ اساتذہ کو اس کہانی پر مبنی زندگی کے اسباق کے حوالے سے طلبا کی تربیت میں مدد ملے۔

کمپنی کی صحت، حفاظت، سلامتی، ماحولیات اور سماجی کارکردگی کی پالیسی کے مطابق، کمپنی رضاکارانہ اور فعال طور پر ان ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس پر کنوؤں کے پانی کے معیار کی جانچ کرتی ہے جو اس کے ملکیتی ہیں یا جہاں وہ کام کرتی ہے۔ یہ ٹیسٹ غیر جانب دار تسلیم شدہ بیرونی ماہرین کے ذریعے کروائے جاتے ہیں اور ان کا تجزیہ بین الاقوامی تسلیم شدہ لیبارٹریوں میں کیا جاتا ہے۔

ہمارے معمول کی جانچ کے عمل میں پانچ ٹرمینلز (جن میں سے دو غیر فعال ہیں) اور گیارہ ریٹیل سائٹس پر اور ان کے آس پاس زمینی پانی میں پیٹرولیم ہائیڈروکاربن کی موجودگی کی نشاندہی کی ہے، یہ شیل اور بین الاقوامی اسکریننگ کے معیار دونوں کی سطح سے زائد ہے۔ کمپنی کے نشان دہی کردہ ٹرمینلز میں سے چار آئل ٹرمینلز کے لیے مخصوص علاقے میں واقع ہیں، جن میں دیگر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی سائٹس بھی موجود ہیں۔

کمپنی نے پیٹرولیم ہائیڈروکاربن کے لیے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ معیارات پر پورا اترنے کے لیے متعلقہ ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس پر رضاکارانہ طور پر زمینی پانی کی صفائی کا عمل شروع کیا ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ مذکورہ زیر زمین پانی کے معیار کی وجہ سے، صرف پیٹرولیم ہائیڈروکاربن کو ہٹانے سے ضروری نہیں کہ زمینی پانی استعمال کے قابل ہو جائے۔

کمپنی نے مقامی غیر سرکاری تنظیم کے تعاون سے متعلقہ ٹرمینلز اور ریٹیل سائٹس کے قریب کمیونٹیز کو فعال طور پر پینے کا متبادل پانی فراہم کیا ہے۔ مزید برآں، کمپنی نے خطرات کی وضاحت اور اس متبادل پانی کی فراہمی کے استعمال کی حمایت کے لیے کمیونٹی میں آگاہی کی سرگرمیاں انجام دی ہیں۔

کمپنی اپنی صحت، حفاظت، سلامتی، ماحولیات اور سماجی کارکردگی کی پالیسی پر عمل پیرا ہونے کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔

## مستقبل کے امکانات

انتظامیہ سیفٹی کی کارکردگی میں گول زیرو کے حصول کے نصب العین کے ساتھ ساتھ آپ کی کمپنی کی مستحکم مالی کارکردگی پر توجہ برقرار رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

کمپنی کو مستقبل میں کرنسی کی قدر میں کمی، آئل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، مقامی اقتصادی غیر یقینی صورت حال اور حکومت کی جانب سے واجبات کی وصولی میں مسلسل تاخیر سے پیدا ہونے والی دشواریوں کا سامنا ہے۔ تاہم، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ ان دشواریوں کو کم سے کم کرنے اور اسٹیک ہولڈرز کو مطلوبہ منافع فراہم کرنے کی کوشش جاری رکھیں گے۔

## بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

| | |
|---|---|
| ڈائریکٹرز کی کُل تعداد | مرد:10، خواتین:01 |
| خود مختار ڈائریکٹرز | 04 |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 04 |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 03 |

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، صارفین، عملے اور دیگر متعلقہ فریقوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

Raiu Hak

**زین کے حق**

چیئرپرسن

Waqar Siddiqui

**وقار آئی صدیقی**

چیف ایگزیکٹو

کراچی: 17 اگست 2022ء

# غیر جانب دار آڈیٹرز کے جائزے کی رپورٹ

**شیل پاکستان لمیٹڈ کے ارکان کے لیے**
**کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے جائزے پر رپورٹ**

**عزیز شیئر ہولڈرز**

**تعارف**

ہم نے شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی مالی صورتِ حال کے 30 جون 2022ء تک چھ مہینوں کی مدت کے لیے منسلک کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں اور متعلقہ کنڈینسڈ عبوری مجموعی آمدنی کے گوشوارے، کنڈینسڈ عبوری رقوم کے بہاؤ کے گوشوارے، اور ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے (جسے اب سے عبوری مالی گوشوارے کہا جائے گا) کا جائزہ لیا ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات، جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے، کے مطابق انتظامیہ ان عبوری مالی گوشواروں کی تیاری اور پیش کرنے کی ذمہ دار ہے۔ ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم اپنے جائزے کی بنیاد پر ان عبوری مالی بیانات پر کسی نتیجے کا اظہار کریں۔ مجموعی آمدنی کے اس کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے کے اعداد و شمار اور اس کے ساتھ 30 جون 2022ء کو ختم ہونے والے تین مہینوں نیز 2021ء کے لیے دیگر نوٹس کا جائزہ نہیں لیا گیا ہے، کیونکہ ہمیں 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے مجموعی اعداد و شمار کا جائزہ لینے کی ذمہ داری تفویض کی گئی تھی۔

**جائزے کا دائرہ کار**

ہم نے اپنا جائزہ نظرِ ثانی کے بین الاقوامی معیارات 2410، "ادارے کے غیر جانب دار آڈیٹرز کی جانب سے عبوری مالی معلومات کا جائزہ" کے مطابق کیا ہے۔ عبوری مالی گوشواروں کا جائزہ، بنیادی طور پر مالی اور اکاؤنٹنگ کے معاملات کے ذمہ دار افراد سے سوالات، نیز تجزیاتی اور جائزے کے دیگر طریقہ ہائے کار کے اطلاق سے کیا گیا ہے۔ ایک جائزہ اپنے دائرہ کار کے اعتبار سے آڈیٹنگ کے بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کیے جانے والے آڈٹ کے مقابلے میں کم تر ہوتا ہے، لہٰذا ہمیں اس بات کی یقین دہانی نہیں دے سکتا کہ ہم ان تمام اہم امور سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں جن کی نشاندہی کسی آڈٹ میں کی جاسکتی ہے۔ اس لیے ہم کسی آڈٹ رائے کا اظہار نہیں کریں گے۔

**نتیجہ**

ہم نے اپنے جائزے کی بنیاد پر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ منسلک عبوری مالی گوشوارے تمام مادی اعتبار سے اچھی طرح تیار کیے گئے ہیں اور اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے عین مطابق ہیں جیسا کہ ان کا عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے پاکستان میں اطلاق ہے۔

آڈیٹرز کے اس غیر جانب دار جائزے کی رپورٹ کے آڈٹ نتائج کے شراکت دار جناب شیخ احمد سلمان ہیں۔

**چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس**

**مقام:** کراچی

**تاریخ:** 22 اگست 2022ء

**یوڈی آئی این نمبر:** RR202210076nXlkq17yj

# مالی صورتِ حال کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے

**30 جون 2022ء تک**

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2021ء |
|---|---|---|---|
| | | ------------------(ہزار روپے)------------------ | |
| **اثاثے** | | | |
| **غیر حالیہ اثاثے** | | | |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات | 5 | 18,760,209 | 17,841,942 |
| حقِ استعمال کے اثاثے | | 5,885,139 | 5,896,843 |
| غیر محسوس اثاثے | | 3,677 | 5,253 |
| طویل مدتی سرمایہ کاریاں | 6 | 5,535,403 | 4,970,295 |
| طویل مدتی قرضے | | 60,187 | 37,440 |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 266,840 | 265,766 |
| مؤخر ٹیکس | | - | 753,734 |
| | | 30,511,455 | 29,771,273 |
| **جاری اثاثے** | | | |
| زیرِ تجارت اسٹاک | 7 | 65,438,779 | 36,711,968 |
| تجارتی قرضے | | 6,099,198 | 4,667,46 |
| قرضے اور بیعانے | | 51,871 | 92,160 |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | | 743,229 | 527,247 |
| دیگر واجبات | 8 | 6,256,593 | 8,189,480 |
| نقد اور بینک بیلنس | | 2,293,165 | 4,973,417 |
| | | 80,882,835 | 55,161,740 |
| **مجموعی اثاثے** | | 111,394,290 | 84,933,013 |
| **ایکویٹی اور واجبات** | | | |
| **ایکویٹی** | | | |
| سرمایہ حصص | 9 | 2,140,248 | 2,140,248 |
| پریمیم حصص | | 11,991,012 | 11,991,012 |
| عمومی ذخائر | | 207,002 | 207,002 |
| جمع شدہ (نقصان) / غیر مختص نفع | | 9,056,262 | 1,587,146 |
| بعد استعمال نوپیمائش فوائد- حقیقی نقصان | | (598,930) | (598,930) |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیمائش پر غیر حصولی نقصان | | (5,000) | (5,000) |
| **مجموعی ایکویٹی** | | 22,790,594 | 15,321,478 |
| **واجبات** | | | |
| **غیر حالیہ واجبات** | | | |
| اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری | | 177,304 | 173,550 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات | | 5,497,086 | 5,365,192 |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | 181,091 | 170,543 |
| مؤخر ٹیکس-خالص | | 746,264 | - |
| | | 6,601,745 | 5,709,285 |
| **حالیہ واجبات** | | | |
| تجارتی و دیگر واجب الادا | 10 | 75,791,962 | 61,341,662 |
| صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات) | | 1,495,687 | 1,105,953 |
| بے دعویٰ مقسومہ | | 293,906 | 293,906 |
| مجموعی مارک اپ | | 18,805 | 1,187 |
| قلیل مدتی قرض گیریاں- محفوظ | | 1,500,000 | - |
| ٹیکس-خالص | | 2,191,798 | 477,857 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ | | 709,793 | 681,685 |
| | | 82,001,951 | 63,902,250 |
| **اتفاقی مصارف و معاہدے** | 11 | | |
| **مجموعی ایکویٹی اور واجبات** | | 111,394,290 | 84,933,013 |

منسلک نوٹس 1 تا 20 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

**30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے**

| | نوٹ | ششماہی اختتام شدہ 30 جون 2022ء | ششماہی اختتام شدہ 30 جون 2021ء | سہ ماہی اختتام شدہ 30 جون 2022ء | سہ ماہی اختتام شدہ 30 جون 2021ء |
|---|---|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | | | |
| سیلز | | **198,484,216** | 126,223,021 | **114,103,090** | 65,876,300 |
| دیگر محاصل | | **324916** | 332,532 | **183,486** | 146,240 |
| | | **198,809,132** | 126,555,553 | **114,286,576** | 66,022,540 |
| سیلز ٹیکس | | **(3,716,171)** | (19,423,126) | **(1,901,783)** | (10,133,075) |
| خالص محاصل | | **195,092,961** | 107,132,427 | **112,384,793** | 55,889,465 |
| فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت | | **(167,161,488)** | (98,310,050) | **(93,806,600)** | (51,055,773) |
| **مجموعی نفع** | | **27,931,473** | 8,822,377 | **18,578,193** | 4,833,692 |
| تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات | | **(4,297,076)** | (3,450,975) | **(1,916,414)** | (1,726,230) |
| انتظامی اخراجات | | **(3,536,344)** | (2,964,743) | **(2,006,470)** | (1,651,214) |
| دیگر اخراجات | 12 | **(8,841,569)** | (212,154) | **(6,313,148)** | (1,057,503) |
| دیگر آمدنی | | **1,083,387** | 644,561 | **942,264** | 190,250 |
| **آپریٹنگ نفع** | | **12,339,871** | 2,839,066 | **9,284,425** | 588,995 |
| مالی لاگتیں | | **(484,746)** | (455,542) | **(267,842)** | (181,279) |
| | | **11,855,125** | 2,383,524 | **9,016,583** | 407,716 |
| معاون کے منافع کا حصہ - خالص ٹیکس | 6 | **604,022** | 393,707 | **412,075** | 208,440 |
| **قبل از ٹیکس نفع** | | **12,459,147** | 2,777,231 | **9,428,658** | 616,156 |
| ٹیکس | 13 | **(4,951,117)** | (626,385) | **(4,000,044)** | (413,747) |
| **دورانِ مدت مجموعی نفع** | | **7,508,030** | 2,150,846 | **5,428,614** | 202,409 |
| دیگر جامع آمدنی | | | | | |
| **وہ اشیاء جن کی نو درجہ بندی بعد میں نفع و نقصان کے زمرے میں نہیں کی جائے گی** | | | | | |
| معاون کی دیگر جامع آمدنی کا حصہ - خالص ٹیکس | 6 | **(38,914)** | 3,088 | - | - |
| مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی | | **7,469,116** | 2,153,934 | **5,428,614** | 202,409 |
| | | (ہزار روپے) | | | |
| **آمدنی فی شیئر - بنیادی اور سیال** | | **35.08** | 11.07 | **25.36** | 1.04 |

منسلک نوٹس 1 تا 20 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**وقار آئی صدیقی**
چیف ایگزیکٹو

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

# ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | سرمایہ حصص | پریمیم حصص | عمومی ذخائر | مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع | بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان | سرمایہ کاریوں کی نوقدر پیمائی پر غیر حصولی (نقصان) | کُل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | محفوظ سرمایہ | | | محفوظ محاصل | | | |
| | ------------------------ | | (ہزار روپے) | ------------------------ | | | |
| 31 دسمبر 2020ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 1,070,125 | 1,503,803 | 207,002 | (2,829,185) | (597,904) | (5,000) | (651,159) |
| مدت کے لیے خالص نقصان | - | - | - | 2,150,846 | - | - | 2,150,846 |
| سال کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | 3,088 | | - | 3,088 |
| | - | - | - | 2,153,934 | - | - | 2,153,934 |
| رائٹ شیئرز کا اجرا | 1,070,123 | 10,487,209 | - | - | - | - | 11,557,332 |
| رائٹ شیئرز کے اجرا کی لاگت | - | - | - | (58,057) | - | - | (58,057) |
| 30 جون 2021ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,248 | 11,991,012 | 207,002 | (733,308) | (597,904) | (5,000) | 13,002,050 |
| **31 دسمبر 2021ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)** | **2,140,248** | **11,991,012** | **207,002** | **1,587,146** | **598,930** | **(5,000)** | **15,321,478** |
| مدت کے لیے خالص نفع | - | - | - | **7,508,030** | - | - | **7,508,030** |
| سال کے لیے دیگر جامع نقصان | - | - | - | **(38,914)** | | | **(38,914)** |
| | - | - | - | **7,469,116** | - | - | **7,469,116** |
| **30 جون 2021ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)** | **2,140,248** | **11,991,012** | **207,002** | **9,056,262** | **(598,930)** | **(5,000)** | **22,790,594** |

منسلک نوٹس 1 تا 20 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| عمران آر ابراہیم | وقار آئی صدیقی | ضرار محمود |
|---|---|---|
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# رقوم کے بہاؤ کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| | نوٹ | اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| آپریشنز (میں استعمال کی گئی) / سے حاصل ہونے والی رقوم | 15 | **(138,362)** | 2,762,036 |
| اداشدہ مالی لاگتیں | | **(66,664)** | (114,132) |
| اداشدہ انکم ٹیکس | | **(106,404)** | (17,370) |
| طویل مدتی قرضے اور بیعانے | | **(1,737,179)** | (711,009) |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | **(22,747)** | 22,479 |
| قلیل مدتی امانتوں پر حاصل ہونے والا سود | | **(1,074)** | (6,650) |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | **(2,072,430)** | 1,935,354 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| معین سرمایہ جاتی اخراجات | | **(1,804,009)** | (1,912,342) |
| معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ | | **23,221** | 10,736 |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات کے تصفیے سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | **68,605** | 51,677 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | **(1,712,183)** | (1,849,929) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| شیئرز کے اجراء سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | **-** | 11,557,332 |
| شیئرز کے اجراء کی لاگت | | **-** | (58,057) |
| اجارہ واجبات کی ادائیگی کا زر اصل | | **(395,639)** | (394,676) |
| طویل مدتی قرضے سے ہونے والی وصولیاں | | **-** | (4,000,000) |
| اداشدہ مقسومے | | **-** | (1,843) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے جمع کی گئیں (میں استعمال ہونے والی) خالص رقوم** | | **(395,639)** | 7,102,756 |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا کی خالص (کمی) / اضافہ** | | **(4,180,252)** | 7,188,181 |
| مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا | | **4,973,417** | (3,607,634) |
| **مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا** | | **793,165** | 3,580,547 |

منسلک نوٹس 1 تا 20 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# کنڈینسڈ عبوری گوشواروں کے نوٹس (غیر آڈٹ شدہ)

## 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

**1 کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) پاکستان میں قائم کی گئی محدود واجبہ کمپنی ہے جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (سابقہ رائل ڈچ شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی) (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری ومارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

**2 آپریشنز کی بنیادیں**

**2.1 کمپلائنس کا بیان**

کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے ، درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی اے ایس) 34، عبوری مالی رپورٹنگ ، انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کردہ، جسے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط آئی اے ایس 34 کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

31 جون 2022ء تک ختم ہونے والی ششماہی کے لیے یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے غیر آڈٹ شدہ ہیں تاہم ایکٹ کے سیکشن 237 کے مطابق قانونی آڈیٹرز کی جانب سے اس کا محدود جائزہ لیا گیا ہے۔

2.2 30 جون 2022ء اور 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہیوں کے لیے جامع آمدنی کے کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے اعدادوشمار کا کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز نے جائزہ نہیں لیا ہے کیونکہ انھوں نے 30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے مجموعی اعدادوشمار کا جائزہ لیا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

2.3 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 237 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطابق شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جارہے ہیں۔

**3 اکاؤنٹنگ پالیسیاں**

3.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی تیاری میں کیا گیا تھا، ماسوا ظاہر کیے گئے درج ذیل کے:

**نئے / نظر ثانی شدہ معیارات، توضیحات اور تبدیلیاں**

| | |
|---|---|
| آئی ایف آر ایس 3 | تفہیمی فریم ورک کے حوالے سے (ترامیم) |
| آئی اے ایس 16 | جائیداد، پلانٹ، آلات: مطلوبہ استعمال سے قبل وصولیاں (ترامیم) |
| آئی اے ایس 37 | مشکل معاہدے- کسی معاہدے پر عمل کی لاگت (ترامیم) |
| آئی ایف آر ایس 9 | مالی واجبات کی عدم شناخت کے لیے '10 فیصد' ٹیسٹ میں فیس |
| آئی ایف آر ایس 16 | اجارے یا لیز: لیز کی ترغیبات |
| آئی اے ایس 41 | زراعت- عرفی مالیت کی پیائش میں ٹیکس |

ان معیارات کے اطلاق سے کمپنی کے ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں پر کوئی ٹھوس اثر نہیں پڑا ہے۔ کمپنی مستقبل کے ادوار میں عملی مصارف استعمال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر وہ قابل اطلاق ہو جائیں۔

3.2 ابتدائی طور پر کمپنی نے ایسا کوئی جاری کردہ معیار، تشریح یا ترمیم نہیں اپنائی ہے جو ابھی تک مؤثر نہیں ہوئی ہو۔

3.3 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سر نو پیمائش کے اثرات کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

3.4 آمدنی پر ٹیکس عبوری مدت کے دوران اس ٹیکس شرح پر لیے جاتے ہیں جو مجموعی متوقع نفع یا نقصان پر قابلِ اطلاق ہوتی ہے۔

**4 اہم اکاؤنٹنگ تخمینے، آرا اور فیصلے**

4.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے جس کے لیے بعض اہم اکاؤنٹنگ تخمینوں کا استعمال درکار ہوتا ہے۔ منیجمنٹ کے لیے یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق کے دوران اپنی رائے بھی شامل کرے۔ تخمینوں اور ان سے منسلک آرا کا مستقل جائزہ لیا جاتا ہے جو تاریخی تجربے اور دیگر عوامل، بشمول مستقبل کے واقعات کی توقعات، جنھیں حالات کے تحت مناسب سمجھا جاتا ہے، پر مبنی ہوتا ہے۔ تاہم، اصل نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

4.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری کے دوران، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور تخمینوں کی غیر یقینی کے اہم ماخذات کے اطلاق میں منیجمنٹ کی جانب سے کیے گئے نمایاں فیصلے وہی تھے جنھیں 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ مالی گوشواروں پر بھی لاگو کیا گیا تھا، ماسوائے ذیل میں ظاہر کیے گئے مستثنیات کے:۔

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2021ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| **5 جائیداد، پلانٹ اور آلات** | | | |
| آپریٹنگ اثاثے - خالص کتابی قیمت پر | 5.1 | **15,422,895** | 13,498,820 |
| ضرر کی فراہمی | | **(209,568)** | (210,340) |
| | | **15,213,327** | 13,288,480 |
| جاری کام پر سرمایہ | 5.2 | **3,546,882** | 4,553,462 |
| | | **18,760,209** | 17,841,942 |
| **5.1 آپریٹنگ معین اثاثے** | | | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | **13,288,480** | 10,107,420 |
| دورانِ مدت / سال اضافے | 5.1.1 | **2,810,589** | 4550067 |
| | | **16,099,069** | 14,657,487 |
| مدت / سال کے دوران ضائع / استرداد - خالص کتابی قیمت | 5.1.2 | **(27,041)** | (57,850) |
| دورانِ مدت / سال فرسودگی کا چارج / مضرت - خالص | | **(858,701)** | (1,311,157) |
| | | **(885,742)** | (1,369,007) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | **15,213,327** | 13,288,480 |

5.2 آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلیاں، درج ذیل تھیں:

| | غیر آڈٹ شدہ سہ ماہی کے اختتام پر<br>30 جون 2022ء | <br>30 جون 2021ء |
|---|---|---|
| | (ہزار روپے) | |
| اجارہ والی زمین | **9,405** | 41 |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | **470,850** | 321,773 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | **1,370,395** | 123,003 |
| پلانٹ اور مشینری | **230,814** | 81,397 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | **11,635** | 1,731 |
| لفٹس | **345** | 3,411 |
| تقسیم کے پمپ | **127,595** | 105,751 |

| | | |
|---|---|---|
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | **20,381** | 94,000 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | **3,523** | - |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | **366,342** | 108,196 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | **199,304** | 144,267 |
| | **2,810,589** | 983,570 |

5.2 دورانِ مدت درج ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

| | لاگت | مجموعی فرسودگی | خالص کتابی قیمت |
|---|---|---|---|
| | -----------(ہزار روپے)----------- | | |
| **30 جون 2022ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | **9,269** | **1,465** | **7,804** |
| تقسیم کے پمپ | **6,404** | **3,374** | **3,030** |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | **1,573** | **1,130** | **443** |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | **9,221** | **6,309** | **2,912** |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | **1,397** | **272** | **1,125** |
| پلانٹ اور مشینری | **354** | **41** | **313** |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | **22,949** | **12,865** | **10,084** |
| ٹینک اور پائپ لائنز | **2,160** | **830** | **1,330** |
| | **53,327** | **26,286** | **27,041** |
| **30 جون 2021ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 15,535 | 11,939 | 3,596 |
| تقسیم کے پمپ | 4,630 | 3,881 | 749 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 12,681 | 9,745 | 2,936 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 6,888 | 5,331 | 1,557 |
| پلانٹ اور مشینری | 1,637 | 1,264 | 373 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 63,638 | 63,638 | - |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 5,196 | 2,499 | 2,697 |
| | 110,205 | 98,297 | 11,908 |

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2021ء |
|---|---|---|---|
| جاری کام پر سرمایہ | | --------------(ہزار روپے)-------------- | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | | **1,761,645** | 1,644,941 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | | **698,988** | 1,744,915 |
| پلانٹ اور مشینری | | **556,545** | 710,089 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | | **98,021** | 97,840 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | | **138,279** | 227,419 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | | **156,305** | 109,225 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | | **137,099** | 19,033 |
| | 5.3.1 | **3,546,882** | 4,553,462 |

5.3.1 دورانِ مدت جاری کام پر سرمائے میں اضافے سے یہ بڑھ کر 1,804,008 ہزار روپے ہو گیا (30 جون 2021ء: 1,912,342 ہزار روپے)۔

## 6 طویل مدتی سرمایہ کاریاں

معاونین میں سرمایہ کاری- غیر مندرج

6.1 ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیر ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30جون2022ء | آڈٹ شدہ<br>31دسمبر2021ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | 4,970,295 | 4,936,422 |
| قبل از ٹیکس منافع پر حصہ | | 948,379 | 1,244,175 |
| ٹیکس کا حصہ | | (344,357) | (385,778) |
| | | 604,022 | 858,397 |
| دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس | | (51,547) | 10,964 |
| ٹیکس کا حصہ | | 12,633 | (3,180) |
| | | (38,914) | 7,784 |
| موصول شدہ مقسومہ | | - | (832,308) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | 5,535,403 | 4,970,295 |

| | | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30جون2021ء | آڈٹ شدہ<br>30جون2020ء |
|---|---|---|---|---|
| | | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| 7 | **زیرِ تجارت اسٹاک** | | | |
| | خام مال اور پیکنگ کا سامان | | 4,321,928 | 2,539,185 |
| | متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | 7.1 | (64,379) | (77,085) |
| | | | 4,257,549 | 2,462,100 |
| | تیار مصنوعات | | 61,339,513 | 34,379,579 |
| | متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | 7.1 | (158,283) | (129,711) |
| | | | 61,181,230 | 34,249,868 |
| | | | 65,438,779 | 36,711,968 |

| | | غیر آڈٹ شدہ<br>30جون2022ء | آڈٹ شدہ<br>31دسمبر2021ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| 8 | **دیگر واجب الادا** | | |
| | پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں | 1,380,029 | 1,380,029 |
| | قیمت کے تفرق کے دعوے | | |
| | -درآمدی خریداریوں پر | 295,733 | 295,733 |
| | -ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر | 343,584 | 382,794 |
| | -درآمدی موٹر گیسولین پر | 1,961,211 | 2,088,244 |
| | کسٹم ڈیوٹی پر واجبات | 44,413 | 44,413 |
| | قابلِ واپسی سیلز ٹیکس | 1,326,593 | 902,767 |
| | اندرونِ ملک بوجھ کو مساوی کرنے کا نظام | - | 64,292 |
| | متعلقہ فریقوں کی جانب سے واجبات | 1,621,046 | 1,400,968 |
| | ایک معاون کمپنی-پیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت | 12,949 | 19,045 |
| | ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ | - | 63,977 |
| | آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات | 56,013 | 861,535 |
| | ٹیکس واجبات | 1,020,214 | 1,020,214 |
| | لیٹر آف کریڈٹ پر سود | 54,041 | 59,245 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| دیگر | | 553,449 | 718,478 |
| | | 8,669,275 | 9,301,734 |
| ضرر پر فراہمی | 8.1 | (2,412,682) | (1,112,254) |
| | | 6,256,593 | 8,189,480 |

8.1 **ضرر پر فراہمی**

| | | |
|---|---|---|
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | 1,112,254 | 958,844 |
| مدت / سال کے دوران فراہمی | 1,300,428 | 153,410 |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | 2,412,682 | 1,112,254 |

9 **سرمایہ حصص**

**مجاز سرمایہ حصص**

| غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2021ء | | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2021ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | | -------------(ہزار روپے)------------- | |
| 3,000,000 | 3,000,000 | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | 300,000,000 | 300,000,000 |

جاری کردہ اختیار کردہ اداشدہ سرمایہ

| غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2021ء | | | |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | | |
| 130,493,331 | 130,493,331 | مکمل طور پر نقد میں ادا کیا گیا | 1,304,933 | 1,304,933 |
| 83,531,331 | 83,531,331 | مکمل اداشدہ بونس شیئرز کے طور پر جاری کردہ | 835,315 | 835,315 |
| 214,024,662 | 214,024,662 | | 2,140,248 | 2,140,248 |

9.1 کنڈینسڈ عبوری مالی پوزیشن کے بیانات کی تاریخ پر امیڈیٹ پیرنٹ کے عام حصص (شیئرز) 165,700,304 (31 دسمبر 2021ء: 165,700,304) تھے۔

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 جون 2022ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2021ء |
|---|---|---|---|
| **10 تجارتی و دیگر واجبات** | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| قرض خواہ | 10.1 | 68,696,819 | 52,925,102 |
| واجب الحصول واجبات | 10.2 | 4,593,640 | 7,338,060 |
| محفوظ امانتیں | | 375,960 | 344,118 |
| اندرونِ ملک سامان کے وزن کی مساویت کے مارجن | | 743,672 | - |
| ریٹائرمنٹ پر عملے کے لیے فوائد کی اسکیم | | 14,214 | 94,349 |
| ورکرز ویلفیئر فنڈ | | 715,718 | 439,552 |
| ملازمین کے لیے منافع میں شراکتی فنڈز | | 574,408 | - |
| عملے کو ملازمت سے فارغ کرنے کے منصوبے کی فراہمی | | 74,189 | 199,740 |
| دیگر | | 3,342 | 8,676 |
| | | 75,791,962 | 61,341,662 |

10.1 بشمول متعلقہ فریقوں پر واجب الادا مجموعی رقم 55,354,898 روپے (31 دسمبر 2021ء: 47,213,745 ہزار روپے)

10.2 بشمول متعلقہ فریقوں سے واجب الحصول مجموعی رقم 788,113 ہزار روپے (31 دسمبر 2021ء: 1,161,245 ہزار روپے)

## 11 اتفاقی مصارف اور معاہدات

### 11.1 اتفاقی مصارف

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 23.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے ماسوا درج ذیل کے:

11.1.1 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 23.1.1 کے حوالے سے، اس مدت کے دوران، کمشنر ان لینڈ ریونیو اپیلز نے کمپنی کے حق میں اپیل کا فیصلہ کیا سوائے صارفین سے 19,817 ہزار روپے کی رقم پیشگی سیلز ٹیکس کی تاخیر سے ادائیگی کے لیے عائد ڈیفالٹ سرچارج کے۔ کمپنی نے آرڈر کے جواب میں اپیلٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو میں اپیل دائر کی جہاں معاملہ زیر التوا ہے۔

مینجمنٹ، اپنے قانونی مشیر کی رائے کی بنیاد پر، ایک ساز گار نتیجے کے لیے پر یقین ہے اور اس کے مطابق ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں لیوی کے حوالے سے کوئی شرائط شامل نہیں کی گئی ہیں۔

### 11.2 معاہدات

11.2.1 سرمایہ جاتی اخراجات جن کے معاہدے ہوئے لیکن انھیں وصول نہیں کیا گیا ان کی رقم 30 جون 2022ء تک تقریباً 1,660,218 روپے تھی (31 دسمبر 2021ء: 1,539,713 ہزار روپے)۔

11.2.2 فنانس ایکٹ، 2005ء کے تحت، درآمدات پر عائد محصولات اور محصولات پر عائد ذمہ داری کو مناسب طریقے سے نبھانے کے ضمن میں کسٹم پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے کلیکٹر کی جانب سے کسٹم ایکٹ 1969ء کے مطابق تاریخ مابعد چیک جمع کروائے گئے۔ 30 جون 2022ء تک ان چیک کی مالیت 5,470,623 ہزار روپے تھی (31 دسمبر 2021ء: 15,727,211 ہزار روپے)۔ ان چیک کی عرصیت کی تاریخ بڑھا کر 23 دسمبر 2022ء کر دی گئی ہے۔

11.2.3 30 جون 2022ء تک لیٹر آف کریڈٹ اور دیگر بینک گارنٹیوں کی رقم 21,955,468 ہزار روپے ہے (31 دسمبر 2021ء: 18,121,996 ہزار روپے)

## 12 دیگر اخراجات

اس میں 6,587,454 ہزار روپے کا مبادلہ نقصان شامل ہے (30 جون 2021ء: ندارد روپے)

| | غیر آڈٹ شدہ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ششماہی کے اختتام پر | | سہ ماہی کے اختتام پر | |
| | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء |
| | (ہزار روپے) | | | |
| 13۔ ٹیکس | | | | |
| موجودہ | | | | |
| -مدت کے لیے | **2,754,109** | 733,305 | **2,439,750** | 411,388 |
| -گذشتہ سال کے لیے | **697,010** | - | **613,779** | - |
| | **3,451,119** | 733,305 | **3,053,529** | 411,388 |
| مؤخر | **1,499,998** | (106,920) | **709,548** | 2,359 |
| | **4,951,117** | 626,385 | **3,763,077** | 413,747 |

## 14 آپریشنز سے حاصل کی گئی / استعمال میں رقم

| | غیر آڈٹ شدہ | غیر آڈٹ شدہ |
|---|---|---|
| | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء |
| | (ہزار روپے) | |
| (نقصان) نفع قبل از ٹیکس | **12,459,147** | 2,777,231 |
| نان ٹیکس چارجز اور دیگر اشیا کا تصفیہ: | | |
| مدت کے لیے آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | **859,472** | 634,950 |
| مدت کے لیے حقِ استعمال کے اثاثوں پر فرسودگی کے چارجز | **381,484** | 346,336 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رہن | | 1,576 | 1,576 |
| اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے لحاظ سے خرچ میں اضافہ | | 3,754 | 3,460 |
| زیرِ تجارت اسٹاک کے ضرر کے لیے (استرداد) / فراہمی - خالص | | 15,866 | (54,027) |
| تجارتی قرضوں کے ضرر کے لیے استرداد | | (12,027) | (89,142) |
| متروک تجارتی قرضے | | - | 48,123 |
| دیگر واجبات کے ضرر کے لیے فراہمی | | 1,300,428 | - |
| آپریٹنگ اثاثوں کے ضرر کے لیے فراہم اشیا کا استرداد | | (771) | (78,054) |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | 10,548 | 9,019 |
| آپریٹنگ اثاثوں کو تلف کرنا | | - | 3,305 |
| آپریٹنگ اثاثوں کو شامل کرنا | | - | (51,850) |
| آپریٹنگ اثاثوں کو تلف کرنے پر فوائد | | 3,820 | (2,133) |
| معاون کے نفع پر حصہ_ خالص ٹیکس | 6 | (604,022) | (393,707) |
| میعادی ڈپازٹس پر سود | | (68,605) | (51,677) |
| قرضوں پر مارک اپ اور جاری قرضے | | 84,282 | 113,248 |
| اجارے کے واجبات پر سود | | 292,266 | 262,358 |
| جاری سرمائے میں تبدیلیاں | 14.1 | (14,865,580) | (716,980) |
| | | (138,362) | 2,762,036 |

15.1 **جاری سرمائے میں تبدیلیاں**

| | | |
|---|---|---|
| **موجودہ اثاثوں میں اضافہ / کمی** | | |
| زیرِ تجارت اسٹاک | (28,742,677) | (8,433,050) |
| تجارتی قرضے | (1,419,703) | (403,403) |
| قرضے اور پیعانے | 40,289 | 14,550 |
| قلیل مدتی پیشگی ادائیگیاں | (215,982) | (6,643) |
| دیگر واجبات | 632,459 | (345,866) |
| | (29,705,614) | (9,174,412) |
| **موجودہ واجبات میں کمی** | | |
| تجارتی اور دیگر قابلِ ادائیگی رقوم | 14,840,034 | 8,457,432 |
| | (14,865,580) | (716,980) |

16 **متعلقہ فریقوں کے لین دین**

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں الٹیمیٹ اور امیڈیٹ پیر نٹس اور اس کے ذیلی، معاونین، اور دیگر کمپنیاں مع نمایاں اثر کے ساتھ مشترکہ مقتدر، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فوائد، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی افراد شامل ہیں۔ مالی گوشواروں میں کہیں اور ظاہر کیے گئے لین دین کے علاوہ متعلقہ افراد کے ساتھ لین دین درج ذیل ہیں:

| | | | غیر آڈٹ شدہ<br>سہ ماہی کے اختتام پر | |
|---|---|---|---|---|
| | | | 30 جون 2022ء | 30 جون 2021ء |
| | | نوٹ | ----------(ہزار روپے) | -------- |
| **تعلق کی نوعیت** | **لین دین کی نوعیت** | | | |
| **معاون** | | | | |
| پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ | پائپ لائن کے چارجز | | 492,489 | 120,292 |
| | دیگر | | 7,562 | 7,715 |

**عملے کی ریٹائرمنٹ کے فوائد / اشتراک کے فنڈز**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پنشن فنڈز | اشتراک | | | 64,919 | 90,050 |
| گریچویٹی فنڈز | اشتراک | | | 2,199 | 3,526 |
| پراویڈنٹ فنڈ | اشتراک | | | 10,914 | 38,475 |
| **کلیدی انتظامی افراد** | تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد | | 15.1 | 64,768 | 31,956 |
| | بعد از ریٹائرمنٹ فوائد | | | 5,338 | 4,375 |
| | طبی فوائد | | | 698 | 1,913 |
| **ڈائریکٹرز** | ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو قرض | | | - | 6,619 |
| | میٹنگز میں شرکت کی فیس | | | 2,796 | 2,681 |
| دیگر | خریداریاں | | | 140,301,576 | 52,951,341 |
| | سیلز | | | 180,912 | 107,347 |
| | پیرنٹ اور اس کے معاونین کے صارفین کو پاکستان میں فروخت کا مجموعہ | | | 1,377,334 | 475,685 |
| | تکنیکی خدمات کی عائد کردہ فیس | | 15.2 | 1,624,888 | 1,336,925 |
| | ٹریڈمارک اور اظہاری لائسنس کی عائد کردہ فیس | | | 24,933 | 230,837 |
| | متعلقہ فریقوں سے بازیاب کروائے گئے اخراجات | | | 76,370 | 66,517 |
| | متعلقہ فریقوں پر عائد کردہ دیگر اخراجات | | 15.3 | 584,581 | 540,134 |
| | عطیات | | | 11,750 | 11,690 |
| | لیگل چارجز | | | 50 | 773 |
| | کمیشن کی آمدنی-خالص | | | 19,934 | - |
| | سبسکرپشن | | | 360 | 300 |

16.1 کلیدی انتظامی افراد وہ ہیں جو بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر کمپنی کی منصوبہ بندی، اس کی سرگرمیوں کی رہنمائی اور ان پر کنٹرول کا اختیار اور ذمہ داری کے حامل ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنے چیف ایگزیکٹو، کمپنی سکریٹری، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیف فنانشل آفیسر کو انتظامیہ کے کلیدی اہلکار سمجھتی ہے۔

16.2 کمپنی کی اپنے کاموں میں مشورہ اور مدد تکنیکی خدمات میں شامل ہے۔ ان خدمات کے لیے فیس کا تعین کمپنی اور متعلقہ شیل گروپ کمپنی کے مابین معاہدے کی بنیاد پر ایک متفقہ طریقہ کار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

16.3 کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں کے تحت شیل مشترکہ بزنس سروس سینٹر کمپنیوں سے حاصل کردہ خدمات کے خالص استرداد کی 133,807 ہزار روپے (30 جون 2021ء: 153,220 ہزار روپے) ان میں شامل ہیں۔

## 17 مالی انتظام خطر، مقاصد اور پالیسیاں

کمپنی کو اپنی سرگرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں انتظام خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2021ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظام خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

## 18 اثاثوں اور واجبات کی مناسب مالیت

دوران مدت مختلف سطح کے مابین کوئی منتقلی نہیں کی گئی۔

## 19 آپریٹنگ زمرے

19.1 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے واحد قابل اطلاع زمرے کی بنیاد پر تیار کیے گئے ہیں۔

19.2 جیسا کہ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے نوٹ 1.2 میں بتایا گیا ہے، کمپنی کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری ومارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ بیرونی صارفین کو کمپنی کی تمام فروخت پٹرولیم مصنوعات بشمول چکنا کرنے والے آئل سے متعلق ہے۔

19.3 دورانِ مدت 30 جون 2022ء کے اختتام پر پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (30 جون 2021ء: 100 فیصد)

19.4 30 جون 2022ء اور 2021ء تک کمپنی کے تمام نان کرنٹ اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

19.5 دورانِ مدت 30 جون 2022ء کے اختتام پر بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 16 فیصد تھی (30 جون 2021ء: 17 فیصد)۔

## 20 عمومی

اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔
جہاں بھی ضروری سمجھا گیا، موازنے کے مقاصد سے اور لین دین کے معاملے کی عکاسی کے لیے متعلقہ اعداد و شمار کو دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے۔

## 21 تاریخِ منظوری

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 17 اگست 2022ء کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے اجرا کی منظوری دی گئی۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

30 جون 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی کے لیے

| نام | عہدہ | لین دین کی تاریخ | حصص کی تعداد | لین دین کی نوعیت | شرح |
|---|---|---|---|---|---|
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 27 جنوری 2022ء | 500 | خریدے گئے | 120.50 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 03 فروری 2022ء | 200 | فروخت کیے گئے | 129.00 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 03 فروری 2022ء | 200 | فروخت کیے گئے | 134.00 |
| سیف اللہ خان | ایگزیکٹو | 04 فروری 2022ء | 10,000 | فروخت کیے گئے | 140.00 |
| حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 07 فروری 2022ء | 500 | فروخت کیے گئے | 138.31 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 14 فروری 2022ء | 400 | خریدے گئے | 127.50 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 24 فروری 2022ء | 100 | خریدے گئے | 118.50 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 02 مارچ 2022ء | 200 | خریدے گئے | 119.00 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 06 اپریل 2022ء | 500 | خریدے گئے | 112.80 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 07 اپریل 2022ء | 100 | خریدے گئے | 111.20 |
| سیف اللہ خان | ایگزیکٹو | 11 اپریل 2022ء | 5,000 | خریدے گئے | 117.80 |
| حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 25 اپریل 2022ء | 600 | خریدے گئے | 118.60 |
| حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 16 مئی 2022ء | 200 | خریدے گئے | 106.85 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 25 مئی 2022ء | 100 | فروخت کیے گئے | 108.00 |
| عثمان خالد | ایگزیکٹو | 30 مئی 2022ء | 1,000 | فروخت کیے گئے | 116.00 |

# فرہنگ

| | |
|---|---|
| actuarial | حقیقی |
| adjustment | ردوبدل |
| amendment | ترمیم |
| Amortization | قسط وار واپسی |
| annual | سالانہ |
| application | اطلاق |
| assets | اثاثے |
| associate | معاون |
| average | اوسط |
| benefit | فائدہ |
| borrowing | قرض گیری |
| capital | سرمایہ |
| carrying value | مندرجہ مالیت |
| cash | رقم |
| categorized | درجہ بند |
| claims | دعوے |
| consolidation | یکجائی |
| cost | لاگت |
| deposit | امانت |
| depreciation | فرسودگی |
| discount | چھوٹ، رعایت |
| dividend | مقسومہ |
| equivalent | مساوی |
| estimates | تخمینے |
| exemption | استثنا |
| financial | مالی |
| financing | مالکاری، قرضہ |
| fiscal | مالیاتی |
| impairment | ضرر |
| interest | سود |
| interim | عبوری |
| interpretation | توضیح |
| lease | اجارہ |
| lease | اجارہ |

| | |
|---|---|
| leaseholder | اجارہ دار |
| lending | قرض گاری |
| liabilities | واجبات |
| liability | واجبہ |
| liquid | سیال |
| liquidity | سیالیت |
| long term | طویل مدتی |
| loss | خسارہ، نقصان |
| low value | پست قدر |
| net | خالص |
| prepayments | پیش ادائیگیاں |
| principle | بنیادی |
| profit | منافع |
| provision | شرائط |
| quarter | سہ ماہی |
| rate | شرح |
| receivable | واجب الادا |
| recompense | تلافی |
| recovery | بازیابی |
| refundable | قابلِ واپسی |
| measurement | بازپیمائش |
| revaluation | باز قدرپیمائی |
| reversal | استرداد |
| revenues | محاصل |
| right of use | حقِ استعمال |
| settlement | تصفیہ |
| share | حصص |
| short term | قلیل مدتی |
| statements | گوشوارے |
| subsidiary | ذیلی |
| subsidy | زرِاعانت، رعایت |
| valuation | قدرپیمائی، قیمت بندی |
| value | قدر |
| weighted | بہ وزن |

**شیل پاکستان لمیٹڈ**

شیل ہاؤس

6 چوہدری خلیق الزماں روڈ

کراچی–75530

پاکستان